**AQF / Fazil**

**22-08-2025**

**08.30 Hrs**

**HL-Opening**

آ کاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

**(Music)**

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں ................................ ارجمندعلی خان

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

---

☆ وزیراعظم نریندر مودی مختلف ترقیاتی پروجیکٹوں کا افتتاح کرنے کیلئے آج بہار اور مغربی بنگال کا دورہ کریں گے۔

☆ بھارتی ریلوے تہواروں کے دوران بلاک آؤٹ اور آرام دہ سفر کو یقینی بنانے کیلئے 380 گنپتی خصوصی ٹرینیں چلائیگی۔

☆ اِسرو نے کہا ہے کہ بھارت کا پہلا انسانی خلائی مشن گگن یان اِس سال دسمبر میں اپنی پہلی آزمائشی پرواز کرے گا۔

☆ انتخابی کمیشن نے نائب صدر کے انتخاب کیلئے دو مشاہدین مقرر کئے ہیں۔ پرچہ نامزدگی کی جانچ پڑتال آج کی جائیگی۔

☆ وزیر خارجہ ایس جے شنکر نے ماسکو میں روس کے صدر ولادیمیرپوتن سے ملاقات کی ہے۔

☆ اور، سری نگر میں کھیلو انڈیا واٹر اسپورٹس فیسٹول میں شکارا والے 17 سالہ محسن علی نے سونے کا پہلا تمغہ جیتا ہے۔

**(Music)**

اب خبریں تفصیل سے۔

**PM-BIHAR-WB VISIT**

وزیراعظم نریندر مودی آج بہار اور مغربی بنگال کا دورہ کریں گے۔ ہمارے نامہ نگار نے خبر دی ہے کہ بہار میں جناب مودی تقریباً 11 بجے گیا میں 13 ہزار کروڑ روپے مالیت کے مختلف ترقیاتی پروجیکٹوں کا سنگ بنیاد رکھیں گے اور افتتاح کرینگے۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے۔ **V-C Dharmendra Kumar Rai**

*وزیر اعظم نریندر مودی بہار میں، کئی پروجیکٹوں کا افتتاح کریں گے اور سنگِ بنیاد رکھیں گے۔ توقع ہے کہ اِن پروجیکٹوں سے ریاست میں معاشی سرگرمیوں کو فروغ حاصل ہوگا، بنیادی ڈھانچہ مستحکم اور سیاحت کو فروغ حاصل ہوگا۔ گنگا ندی پر 6 لین والے **Mokama-Simaria** پُل کی تعمیر سے زرعی صنعتوں کے ساتھ ساتھ بروِنی ریفائنری اور آس پاس کے علاقوں میں دیگر صنعتی ترقی کو بھی رفتار ملے گی۔ اس پُل سے شمالی اور جنوبی بہار کے درمیان آمد و رفت بہت آسان ہو گئی ہے۔ بودھ گیا میں پروگرام سے خطاب کے بعد وزیر اعظم اس بڑے پُل کا معائنہ کرنے کے لیے **Simaria** بھی*

جائیں گے۔ مقامی باشندوں نے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ اس پُل کا نام قومی شاعر رام دھاری سنگھ دِنکر کے نام پر رکھا جائے، جن کی پیدائش اسی علاقے میں ہوئی تھی۔ ریاست میں کینسر کے بڑھتے ہوئے معاملات کے پیشِ نظر، مظفر پور میں نو تعمیر شدہ بھابھا کینسر ریسرچ اِنسٹی ٹیوٹ سے عوام کو بہتر علاج کی سہولت حاصل ہوگی۔ پردھان منتری آواس یوجنا کے تحت، جناب مودی 16 ہزار سے زیادہ مستفیدین کے نئے گھروں کا افتتاح بھی کریں گے۔

پٹنہ سے دھرمیندر کمار رائے کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں............

مغربی بنگال میں وزیراعظم تقریباً سہ پہر چار بجے کولکاتا میں نئے تعمیر کئے گئے سیکشن پر میٹرو ٹرین خدمات کا آغاز کریں گے۔ اس کے علاوہ وہ کولکاتا میں پانچ ہزار 200 کروڑ روپے سے زیادہ مالیت کے کئی ترقیاتی پروجیکٹوں کا سنگ بنیاد رکھیں گے اور افتتاح کریں گے۔ وہ اس موقع پر اجتماع سے خطاب بھی کریں گے۔ جناب مودی نے کہا کہ مغربی بنگال، BJP کے ترقیاتی ایجنڈے کے سبب، اُس کی جانب دیکھ رہا ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر انہوں نے کہا کہ ہر گزرتے دن کے ساتھ ریاست میں ترنمول کانگریس کے خلاف لوگوں کا غصہ بڑھتا جارہا ہے۔×

**WB-SUSPENSTION**

مغربی بنگال حکومت نے ووٹر فہرست میں بے ضابطگیوں کے سلسلے میں پانچ افسروں کے خلاف تادیبی کارروائی کی ہے۔ چار افسران کو، جن میں دو مغربی بنگال سول سروس کے افسر بھی شامل ہیں، معطل کر دیا گیا ہے۔ ایک کانٹریکچوئل ڈیٹا انٹری آپریٹر کو بھی اس سلسلے میں معطل کیا گیا ہے۔ اُن کے خلاف یہ تادیبی کارروائی چناؤ کمیشن کے احکامات پر کی گئی ہے۔ کمیشن کے احکامات کے مطابق تمام افسران کے خلاف FIR درج نہیں کی گئی ہے۔ ریاست کے چیف سیکریٹری منوج پنتھ نے حال ہی میں دلّی میں کمیشن کی مکمل بنچ سے ملاقات کی تھی اور یقین دلایا تھا کہ کل تک ان افسران کے خلاف تادیبی کارروائی کی جائے گی۔×

**RAILWAYS GANPATI SEPICIAL**

بھارتی ریلوے نے آئندہ تہواروں کے دوران عقیدتمندوں اور مسافروں کو بلارکاوٹ اور آرام دِہ سفر کی سہولت فراہم کرنے کو یقینی بنانے کیلئے 380 گنپتی خصوصی ٹرین چلانے کا اعلان کیا ہے۔ 2023 میں گنپتی خصوصی ٹرینوں کے کُل 305 پھیرے لگائے گئے تھے، جبکہ گزشتہ برس اِن کی تعداد 358 ہوگئی تھی۔

پیش ہے ایک رپورٹ۔ **V-C Bhavna**

سینٹرل ریلوے 296 کی سب سے زیادہ تعداد میں خدمات فراہم کرے گی، جس سے مہاراشٹر

اور کونکن خطے میں تہواروں کی بھیڑ بھاڑ کے سبب سفر کی سہولت فراہم کی جاسکے گی۔ ویسٹرن ریلوے 56 خصوصی گنپتی پھیرے کرے گی، کونکن ریلوے 6 پھیرے اور جنوب مغربی ریلوے 22 پھیرے لگائے گی۔ خصوصی ریل گاڑیوں کی تفصیلات IRCTC کی ویب سائٹ، ریل وَن ایپ اور کمپیوٹرائزڈ PRS پر دستیاب ہے۔ گنپتی خصوصی ٹرینیں، کن کن مقامات پر رُکیں گی، اِن کی تفصیل بھی ویب سائٹ پر دیکھی جاسکتی ہے۔

ممبئی سے بھاؤنا کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں......

گنپتی پوجا 27 اگست سے 6 ستمبر تک منائی جائے گی۔ اس موقع پر بھیڑ بھاڑ کے پیشِ نظر 11 اگست سے گنپتی خصوصی ٹرینیں چلائی جارہی ہیں۔×

**ISRO CHAIRMAN GAGANYAN**

ISRO کے چیئرمین وی نارائنن نے کہا ہے کہ بھارت کا پہلا انسان بردار خلائی مشن، گگن یان اس سال دسمبر میں اپنی پہلی آزمائشی پرواز کرے گا۔نئی دلّی میں ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے جناب نارائنن نے کہا کہ گگن یان صحیح سمت میں آگے بڑھ رہا ہے اور اب تک 80 فیصد یا تقریباً 7 ہزار 700 تجربے کیے جا چکے ہیں۔

**S/B - ISRO Chief**

**CHOUHAN-LAKHPATI DIDI**

زراعت اور کسانوں کی بہبود کے مرکزی وزیر شیوراج سنگھ چوہان نے کہا ہے کہ ملک کی تقریباً دو کروڑ 80 لاکھ خواتین لکھ پتی دیدی بن چکی ہیں۔ نئی دلّی میں کرمچاری سنکلپ سمّلین سے خطاب کرتے ہوئے جناب چوہان نے کہا کہ وزیراعظم نریندر مودی نے تین کروڑ خواتین کو لکھپتی دیدی بنانے کا نشانہ رکھا تھا۔ انہوں نے کہا کہ اِن میں سے بہت سی خواتین خود کفیل بن چکی ہیں اور کچھ کروڑ پتی دیدی بننے کی سمت گامزن ہیں۔×

**COAL AUCTION**

کوئلہ اور کانکنی کے مرکزی وزیر جی کشن ریڈّی نے کہا ہے کہ پچھلے سال سے کوئلے کی درآمدات میں نو فیصد کی کمی آئی ہے۔ کل نئی دلّی میں کوئلہ کانوں کی کمرشیل نیلامی کے 13 ویں دور کا آغاز کرتے ہوئے جناب ریڈّی نے کہا کہ ملک میں توانائی کی بڑھتی ہوئی ضروریات کے پیشِ نظر کوئلہ کی مانگ میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے۔ وزیر موصوف نے اُجاگر کیا کہ کمرشیل نیلامی کے 12 دور کے دوران، 134 کانوں میں 41 ہزار 600 کروڑ روپے کی سرمایہ کاری ہوئی اور ساڑھے تین

لاکھ سے زیادہ روزگار فراہم ہوئے۔جناب ریڈّی نے کہا کہ 13 ویں دور میں 14 کوئلہ بلاکوں کو پیش کیا گیا ہے، جس سے درآمدات میں مزید کمی آئے گی اور غیر ملکی زرِ مبادلہ کی بچت ہوگی۔

**S/B - 0815 G Kishan Reddy**

**AMIT SHAH TN VISIT**

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ آج تمل ناڈو کا دورہ کریں گے۔ وہ Tirunelveli میں پارٹی کی بوتھ کمیٹیوں کی میٹنگ میں شرکت کریں گے۔ ان کے دورے کے پیشِ نظر حفاظتی اقدام کے طور پر Tirunelveli ضلع میں رات 10 بجے تک ڈرونز اور UAVs اُڑانے پر پابندی عائد کر دی گئی ہے۔×

**BREAK**

یہ خبرنامہ آ کاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

**GONG**

**ECI-VP OBSERVER**

انتخابی کمیشن نے آئندہ نائب صدر کے انتخاب کیلئے دو مشاہدین مقرر کئے ہیں۔ پنچایتی راج وزارت کے ایڈیشنل سکریٹری سُشیل کمار لوہانی اور وزارت خزانہ کے ایڈیشنل سکریٹری ڈی آنندن کو مشاہدین مقرر کیا گیا ہے۔ نائب صدر کا انتخاب آئندہ ماہ کی 9 تاریخ کو ہوگا۔ جناب جگدیپ دھنکھڑ کے استعفے کے سبب یہ انتخاب ہورہا ہے، جنہوں نے صحت وجوہات کا حوالہ دیتے ہوئے گزشتہ مہینے استعفیٰ دے دیا تھا۔ یہ 17 ویں نائب صدر کا انتخاب ہوگا۔ نائب صدر کا انتخاب الیکٹورل کالج کی جانب سے کیا جاتا ہے، جو لوک سبھا اور راجیہ سبھا کے ممبروں پر مشتمل ہوتا ہے۔ NDA نے سی پی رادھاکرشنن کو اپنا نائب صدر کا امیدوار بنایا ہے، جبکہ اپوزیشن آئی این ڈی آئی اے بلاک نے سپریم کورٹ کے سابق جج بی سدرشن ریڈی کو اپنا امیدوار نامزد کیا ہے۔×

**JAISHANKAR-RUSSIA**

وزیر خارجہ ایس جے شنکر نے روس کے اپنے تین روزہ دورے کے دوران ماسکو میں روس کے صدر ولادیمیرپوتن سے ملاقات کی۔ انہوں نے کل روس کے وزیر خارجہ Sergey Lavrov سے بھی بات چیت کی اور علاقائی اور عالمی واقعات پر نظریات کے تبادلے کے ساتھ ساتھ باہمی ایجنڈے کا جائزہ لیا۔ بھارت اور روس نے ایک متوازن اور پائیدار طریقے سے دو طرفہ تجارت کو وسعت دینے کا عزم کیا ہے۔ روس کے اپنے ہم منصب کے ساتھ بات چیت کے بعد ایک مشترکہ پریس

کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے ڈاکٹر جے شنکر نے غیر محصول اور انضباطی رکاوٹوں کو فوری طور پر دور کرنے کی ضرورت کو اجاگر کیا۔

**0815-Jai Shankar-Partnership**

اپنی بات چیت کے دوران ڈاکٹر جے شنکر اور جناب **Lavrov** نے دہشت گردی سے نمٹنے کے طور طریقوں پر بھی تبادلہ خیال کیا۔×

## PUNJAB CYBER CRIME

پنجاب پولیس کی سائبر جرائم شاخ نے پورے ملک میں ہزاروں افراد کو کروڑوں روپے کا دھوکہ دینے والے ایک بین ریاستی جعلی بینک کھاتہ گروہ کا پردہ فاش کیا ہے۔ اس گروہ کو چلانے والے چار افراد کو وزارتِ داخلہ کے سائبر جرائم سے متعلق بھارتی کوآرڈینیشن سینٹر **14C** کے تعاون سے گرفتار کیا گیا ہے۔ پولیس نے ان کے قبضے سے **10** لاکھ **96** ہزار روپے نقد، **9** موبائل فون، **32** ڈیبٹ کارڈز، **10** سم کارڈز اور **15** بینک پاس بک برآمد کی ہیں۔ یہ چاروں ملزم امرتسر اور فضلکا کے رہنے والے ہیں اور ان کی عمر **21** سے **24** سال کے درمیان ہے۔

تفصیل ہمارے نامہ نگار سے۔ **V/C - Rajesh Bali**

*پنجاب پولیس کے سائبر جرائم محکمے کی اسپیشل ڈائریکٹر جنرل، محترمہ **V Neerja** نے بتایا کہ یہ گروہ بالخصوص معاشی طور پر کمزور طبقے کے لوگوں سے پیسے کے عوض بینک کھاتے حاصل کرتا تھا۔ ان کھاتوں کو مختلف سائبر جرائم کے ذریعے حاصل کی گئی رقم کی منتقلی کیلئے استعمال کیا جاتا تھا۔ وہ گزشتہ دو برس سے سوشل میڈیا کے ذریعے اس مجرمانہ سرگرمی کو انجام دے رہے تھے اور پنجاب کے مختلف بینکوں کے سیکڑوں جعلی کھاتوں کے ذریعے غیر قانونی رقم کو کرپٹو کرنسی ایکسچینج کے ذریعے بیرونِ ملک منتقل کرتے تھے۔ جعلی کھاتے وہ بینک کھاتے ہوتے ہیں، جنہیں جرائم پیشہ افراد، اکثر کھاتہ دار کی جانکاری کے بغیر یا بعض اوقات اس کی ملی بھگت سے غیر قانونی رقوم وصول کرنے، منتقل کرنے یا منی لانڈرنگ کیلئے استعمال کرتے ہیں۔*

*جالندھر سے راجیش بالی کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں............*

## UIDAI-FRAMEWORK

بھارت کی منفرد شناخت اتھارٹی **UIDAI** نے کوآپریٹو بینکوں کیلئے آدھار پر مبنی تصدیق سے متعلق فریم ورک متعارف کیا ہے۔ اپنے ایک بیان میں کل الیکٹرانکس اور آئی ٹی کی وزارت نے کہا کہ **UIDAI** کے نئے فریم ورک کے تحت **380** سے

زیادہ کوآپریٹو بینک آدھار خدمات کا استعمال کریں گے اور معاشی شمولیت کو یقینی بنائیں گے۔ اس فریم ورک کو، کوآپریٹو کی وزارت، NABARD، NPCI اور کوآپریٹو بینکوں کے ساتھ نزدیکی مشاورت کرتے ہوئے تیار کیا گیا ہے۔×

## MANDAVIYA SPORTS DAY

نوجوانوں کے امور اور کھیلوں کے وزیر ڈاکٹر منسکھ مانڈویا نے ملک کے شہریوں پر زور دیا ہے کہ وہ 29 اگست کو منائے جانے والے کھیلوں کے قومی دن کے موقع پر فِٹنیس کے لیے ایک گھنٹے کا وقت مختص کریں۔ کھیلوں کا قومی دن ہاکی کے عظیم کھلاڑی میجر دھیان چند کے یومِ پیدائش پر منایا جاتا ہے۔ نوجوانوں کے امور اور کھیلوں کی وزارت نے اعلان کیا ہے کہ فِٹ انڈیا مشن، ملک کے کھیل کود کے ایکو نظام کے ساتھ اس سال کی تقریبات کی قیادت کرے گا۔ اس مہینے کی 29 سے 31 تاریخ تک ملک بھر میں کھیل کود سے متعلق تین روزہ مہم کا انعقاد کیا جائے گا۔×

## IMD-WEATHER

بھارتی موسمیات محکمے IMD نے آج اروناچل پردیش، بہار، مشرقی راجستھان، گنگا کی ترائی والے مغربی بنگال، گجرات، جھارکھنڈ، ناگالینڈ، منی پور، میزورم، تریپورہ، اُڈیشہ، اتراکھنڈ اور مدھیہ پردیش میں کہیں کہیں شدید سے بہت شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ دلّی، ہریانہ، چنڈی گڑھ، جموں وکشمیر، مہاراشٹر، پنجاب اور سکم کے حصوں میں بھی آئندہ دو سے تین روز کے دوران شدید بارش کا امکان ہے۔ موسمیات کے محکمے نے کہا ہے کہ ملک کے شمال مشرقی حصے مظفرآباد، لداخ، تلنگانہ اور جھارکھنڈ میں گرج چمک کے ساتھ چھینٹے پڑنے اور تیز ہوائیں چلنے کا امکان ہے۔×

## KHELO INDIA WATER SPORTS

جموں وکشمیر کے سری نگر میں پہلے کھیلو انڈیا واٹر اسپورٹس فیسٹول کا شاندار طریقے سے آغاز ہوگیا ہے اور کل مقامی شکارے والے 17 سالہ محسن علی نے سونے کا پہلا تمغہ جیتا۔ محسن ڈَل جھیل میں شکارا چلاتے ہیں اور انہوں نے مردوں کی ایک ہزار میٹر Kayaking دوڑ، چار منٹ 12 اعشاریہ چار ایک سیکنڈ میں مکمل کی اور اڈیشہ اور مدھیہ پردیش کی طرف سے مقابلہ کرنے والوں کو ہرایا۔

دیگر مقابلوں میں اترپردیش کے وِشال کمار نے مردوں کی ایک ہزار میٹر Canoe Singles میں سونے کا تمغہ جیتا۔ خواتین کے 200 میٹر Canoe Singles میں اُڈیشہ کی Rasmita Sahoo نے سونے کا تمغہ حاصل کیا۔ کھیلوں کے مرکزی وزیر منسکھ مانڈویا نے اس اسپورٹس فیسٹول کا افتتاح کیا۔ افتتاحی تقریب میں جموں وکشمیر کے لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا سمیت مختلف سرکردہ شخصیات نے شرکت کی۔ اس تین روزہ فیسٹول میں 28 ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں سے 500

سے زیادہ کھلاڑی حصہ لے رہے ہیں۔×

**U-20 WRESTLING C'SHIP**

بلغاریہ میں 20 سال تک کی عمر کی عالمی کشتی چمپئن شپ میں بھارت نے مزید دو تمغے جیتے ہیں۔کُل اپنے متعلقہ زمروں میں رینا اور پریاملک نے چاندی کے تمغے جیتے۔ خواتین کے 55 کلوگرام کے زمرے کے فائنل میں رینا نے امریکہ کی Everest Leydecker سے دو-دَس سے ہارنے کے بعد چاندی کا تمغہ جیتا۔

76 کلوگرام کے زمرے میں پریاملک خطابی مقابلے میں یوکرین کی کھلاڑی سے ہار گئیں۔ اپنی ہار کے باوجود دونوں بھارتی کھلاڑیوں نے مضبوط دعویداری پیش کی۔ اس چمپئن شپ میں بھارت کی تمغوں کی تعداد پانچ ہے، جن میں سونے کا ایک اور چاندی کے چار تمغے شامل ہیں۔×

یہ خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

**GONG**

**PRESS COMMENTS**

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ...... نتیکا تیاگی

شکریہ - ارجمندعلی خان

قومی راجدھانی دلّی سے شائع ہونے والے آج کے تقریباً سبھی اردو اخباروں نے پارلیمنٹ کا مانسون اجلاس ختم ہونے سے متعلق خبر کو اپنی شہ سرخی بنایا ہے۔ روزنامہ ملاپ کی سرخی ہے: مانسون اجلاس میں صرف 37 گھنٹے کام، ہنگامہ آرائی کے باوجود 12 بل منظور۔اخباروں نے پارلیمنٹ میں آن لائن گیمنگ بل کو منظوری دیے جانے کی خبر کو بھی اہمیت کے ساتھ شائع کیا ہے۔

وزیر اعظم نریندر مودی آج بہار کے دورے پر رہیں گے۔ وہ گیا میں تقریباً 13 ہزار کروڑ روپے کی لاگت کے کئی ترقیاتی پروجیکٹوں کا افتتاح کریں گے اور سنگِ بنیاد رکھیں گے۔ اس خبر کو روزنامہ ملاپ نے اپنی شہ سرخی بنایا ہے۔

نائب صدر کے لیے سابق جج سدرشن ریڈّی نے پرچۂ نامزدگی داخل کیا، اپوزیشن اتحاد کے اہم لیڈران موجود رہے۔ روزنامہ انقلاب، ہندوستان ایکسپریس اور دیگر اخباروں نے اس خبر کو اہمیت کے ساتھ صفحۂ اوّل پر جگہ دی ہے۔ بھارت-روس تعلقات کو نئی رفتار! اہم معاہدوں پر بات چیت۔ روزنامہ پرتاپ نے اس خبر کو اہمیت کے ساتھ شائع کیا ہے۔ روزنامہ ہندوستان ایکسپریس نے فجی کے وزیر اعظم کے آئندہ بھارت دورے سے متعلق خبر کو شائع کرتے ہوئے سرخی لگائی ہے۔ فجی کے وزیر اعظم اتوار کو بھارت آئیں گے۔

اخباروں میں شائع ہونے والی اہم بین الاقوامی خبریں اس طرح ہیں:

☆ عالمی شہرت یافتہ امریکی جج Frank Caprio کا انتقال۔

☆ مصر کے صدر کا سعودی عرب کا دورہ۔ ×

## آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

☆ وزیراعظم نریندر مودی مختلف ترقیاتی پروجیکٹوں کا افتتاح کرنے کیلئے آج بہار اور مغربی بنگال کا دورہ کریں گے۔

☆ بھارتی ریلوے تہواروں کے دوران بلارُکاوٹ اور آرام دہ سفر کو یقینی بنانے کیلئے 380 گنتی خصوصی ٹرینیں چلائیگی۔

☆ اِسرو نے کہا ہے کہ بھارت کا پہلا انسانی خلائی مشن گگن یان اِس سال دسمبر میں اپنی پہلی آزمائشی پرواز کرے گا۔

☆ انتخابی کمیشن نے نائب صدر کے انتخاب کیلئے دو مشاہدین مقرر کئے ہیں۔ پرچہ نامزدگی کی جانچ پڑتال آج کی جائیگی۔

☆ وزیر خارجہ ایس جے شنکر نے ماسکو میں روس کے صدر ولادیمیر پوتن سے ملاقات کی ہے۔

☆ اور، سری نگر میں کھیلو انڈیا واٹر اسپورٹس فیسٹول میں شکارا والے 17 سالہ محسن علی نے سونے کا پہلا تمغہ جیتا ہے۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

------------------------------------